

ADVANCE SOCIAL SCIENCE ARCHIVE JOURNAL
Available Online: https://assajournal.com
*Vol. 5 No. 02 Apr-Jun 2026*.Page#4598-4611
Print ISSN: 3006-2497 Online ISSN: 3006-2500
Platform & Workflow by: Open Journal Systems

# Halal Food Industry Governance: An Analytical Study in the Light of the Prophetic Seerah

# حلال فوڈ انڈسٹری کی گورننس: سیرتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں ایک تجزیاتی مطالعہ

**Dr. Hashmat Ali Safi**
Associate Professor, Department of Islamic Studies,
Riphah University Peshawar Campus
hashmatalisafi@gmail.com
**Inayat Ur Rehman**
PhD Islamic Studies Scholar, Lecturer, Department of Islamic Studies,
HITEC University Taxila Cantt, Punjab, Pakistan
inayat.ur.rehman@hitecuni.edu.pk

## Abstract

The global Halal food industry has experienced remarkable growth over the past two decades, emerging as one of the fastest-growing sectors in the international food market. Despite its rapid expansion, the industry continues to face significant challenges related to governance, transparency, certification integrity, supply chain management, food fraud, and consumer trust. These challenges have raised concerns regarding the credibility and sustainability of Halal food systems, emphasizing the need for a comprehensive ethical and governance framework. This study examines the principles of governance, transparency, and consumer trust in the Halal food industry through the lens of the Prophetic Seerah. Employing a qualitative and analytical research methodology, the study analyzes relevant Qur'anic injunctions, Prophetic traditions, classical Islamic sources, and contemporary scholarly literature on Halal governance and consumer protection. The findings reveal that the Prophetic Seerah provides a holistic governance model founded upon honesty, trustworthiness, accountability, transparency, market supervision, quality assurance, and the protection of consumers' rights. These principles not only ensure Shariah compliance but also promote institutional integrity and strengthen public confidence in the Halal food industry. The study concludes that integrating the ethical and governance principles derived from the Prophetic Seerah into contemporary Halal governance frameworks can substantially enhance transparency, improve regulatory effectiveness, reinforce consumer trust, and contribute to the sustainable development of the global Halal food industry.

**Keywords:** Halal Food Industry, Halal Governance, Transparency, Consumer Trust, Prophetic Seerah, Islamic Business Ethics

## تمہید:

حلال فوڈ انڈسٹری عصرِ حاضر میں عالمی معیشت کے تیزی سے ترقی کرنے والے شعبوں میں شمار ہوتی ہے۔ ماضی میں حلال غذا کا تصور زیادہ تر مسلم اکثریتی ممالک تک محدود سمجھا جاتا تھا، لیکن گزشتہ دو دہائیوں کے دوران اس کی وسعت میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے۔ آج حلال فوڈ انڈسٹری ایک عالمی اقتصادی نظام (Global Economic System) کی صورت اختیار کر چکی ہے، جس میں خوراک کی پیداوار، پراسیسنگ، پیکیجنگ، نقل و حمل، ذخیرہ اندوزی، تقسیم، خوردہ فروخت اور سرٹیفکیشن جیسے متعدد مراحل شامل ہیں۔ یہ صنعت نہ صرف دنیا بھر کے تقریباً دو ارب مسلمانوں کی

غذائی ضروریات پوری کرتی ہے بلکہ غیر مسلم صارفین بھی صحت، معیار، صفائی اور محفوظ غذائی مصنوعات کی وجہ سے حلال مصنوعات کی طرف متوجہ ہو رہے ہیں۔ اسی بنا پر حلال فوڈ کا تصور محض ایک مذہبی تقاضا نہیں رہا بلکہ یہ معیار، حفاظت، اخلاقی ذمہ داری اور صارفین کے اعتماد کی علامت بنتا جا رہا ہے۔

عالمی سطح پر حلال فوڈ مارکیٹ کی تیز رفتار توسیع نے نمایاں معاشی مواقع پیدا کیے ہیں۔ ایشیا، مشرق وسطیٰ، یورپ، شمالی امریکہ اور افریقہ میں حکومتیں اور نجی ادارے حلال مصنوعات کی تیاری اور برآمدات میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔ برازیل، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ جیسے غیر مسلم اکثریتی ممالک بھی حلال غذائی مصنوعات کے بڑے برآمد کنندگان میں شامل ہیں، جبکہ ملائیشیا، انڈونیشیا، ترکی، متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب نے حلال سرٹیفیکیشن اور ریگولیٹری نظام کو مؤثر بنا کر اس صنعت کو فروغ دیا ہے۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ حلال فوڈ انڈسٹری مذہبی دائرے سے آگے بڑھ کر عالمی تجارت اور معاشی ترقی کا ایک اہم شعبہ بن چکی ہے۔ مختلف بین الاقوامی مطالعات کے مطابق حلال فوڈ سیکٹر کھربوں ڈالر کی عالمی معیشت کا حصہ ہے اور مسلم آبادی میں اضافہ، بڑھتی ہوئی قوتِ خرید، معیارِ غذا کے بارے میں آگاہی اور بین الاقوامی تجارت کی وسعت اس کی مسلسل ترقی کے بنیادی عوامل ہیں۔[1]

حلال معیشت اب خوراک تک محدود نہیں رہی بلکہ ادویات، کاسمیٹکس، لاجسٹکس، سیاحت، مالیات اور ای کامرس جیسے شعبوں تک پھیل چکی ہے، جس سے اس کی معاشی اہمیت مزید مستحکم ہوئی ہے۔ تاہم اس غیر معمولی ترقی کے ساتھ حلال فوڈ انڈسٹری کو متعدد انتظامی اور اخلاقی چیلنجز بھی درپیش ہیں، جن میں حلال سرٹیفیکیشن کے مختلف معیارات، جعلی حلال لیبلز، سپلائی چین میں شفافیت کا فقدان، غذائی ملاوٹ اور کمزور نگرانی نمایاں ہیں۔ چونکہ صارفین کا اعتماد شرعی مطابقت اور مصنوعات کی صداقت پر قائم ہوتا ہے، اس لیے اس اعتماد کو برقرار رکھنا حلال فوڈ انڈسٹری کی پائیدار ترقی اور عالمی قبولیت کے لیے ناگزیر ہے۔[2]

صارفین کا اعتماد اس وقت مضبوط ہوتا ہے جب انہیں یقین ہو کہ مصنوعات کی تیاری، پراسیسنگ، ذخیرہ، نقل و حمل اور فروخت کے تمام مراحل شریعت کے تقاضوں اور بین الاقوامی معیار کے مطابق انجام دیے گئے ہیں۔ اسی لیے جدید حلال فوڈ انڈسٹری میں Transparency شفافیت، Traceability، Accountability جوابدہی اور Quality Assurance معیار کی ضمانت کو بنیادی اصولوں کی حیثیت حاصل ہے۔ جب صارفین کو مصنوعات کی اصل، اجزاء، سرٹیفیکیشن اور سپلائی چین کے بارے میں درست اور قابلِ اعتماد معلومات فراہم کی جاتی ہیں تو ان کا اعتماد مستحکم ہوتا ہے اور مارکیٹ کی ساکھ میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے برعکس، معلومات کے فقدان یا دھوکہ دہی کے واقعات پوری حلال صنعت کے لیے سنگین خطرات پیدا کر سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حلال فوڈ انڈسٹری میں گورننس (Governance) اور شفافیت (Transparency) کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ گورننس سے مراد ایسا جامع انتظامی و نگرانی کا نظام ہے جو قانون، اخلاق، شرعی اصولوں اور ادارہ جاتی ذمہ داریوں کی بنیاد پر صنعت کے تمام مراحل کی نگرانی کرے۔ مؤثر گورننس نہ صرف سرٹیفیکیشن کے عمل کو معتبر بناتی ہے بلکہ متعلقہ اداروں، پیداکنندگان، سپلائی چین کے شرکاء اور صارفین کے درمیان اعتماد بھی پیدا کرتی ہے۔ اسی طرح شفافیت اس امر کو یقینی بناتی ہے کہ مصنوعات سے متعلق تمام معلومات واضح، درست اور قابلِ تصدیق ہوں، تاکہ صارف کسی ابہام یا دھوکہ دہی کا شکار نہ ہو۔ اسی پس منظر میں یہ مقالہ حلال فوڈ انڈسٹری میں گورننس، شفافیت اور صارفین کے اعتماد کے باہمی تعلق کا تجزیہ کرتے ہوئے سیرتِ نبوی کی روشنی میں ایک ایسا جامع فریم ورک پیش کرنے کی کوشش کرتا ہے، جو نہ صرف شرعی تقاضوں سے ہم آہنگ ہو بلکہ جدید عالمی حلال فوڈ انڈسٹری کی ضروریات اور چیلنجز کا بھی مؤثر جواب فراہم کر سکے۔

## مسئلۂ تحقیق

عالمی سطح پر حلال فوڈ انڈسٹری کی غیر معمولی ترقی نے اسے ایک اہم معاشی شعبے کی حیثیت دے دی ہے، تاہم اس کے ساتھ متعدد انتظامی، اخلاقی اور شرعی چیلنجز بھی سامنے آئے ہیں۔ مختلف ممالک میں حلال سرٹیفکیشن کے معیارات کا عدم یکسانیت، سپلائی چین میں شفافیت کا فقدان، جعلی حلال لیبلنگ، غذائی ملاوٹ، کمزور نگرانی، اور صارفین کو مکمل معلومات کی عدم فراہمی جیسے عوامل نے حلال مصنوعات پر عوامی اعتماد کو متاثر کیا ہے۔ اگرچہ ان مسائل کے حل کے لیے جدید ریگولیٹری نظام، معیار بندی (Standardization) اور تکنیکی ذرائع متعارف کرائے جا رہے ہیں، تاہم ان میں اخلاقی اور اقداری بنیادوں پر مبنی جامع اسلامی نقطۂ نظر نسبتاً کم نمایاں ہے۔

دوسری جانب سیرتِ نبوی تجارت، بازار کی نگرانی، دیانت، امانت، شفافیت، معیار کی پابندی اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کے ایسے عملی اصول فراہم کرتی ہے جو نہ صرف اسلامی تجارتی نظام کی بنیاد ہیں بلکہ عصرِ حاضر کی حلال فوڈ انڈسٹری میں مؤثر گورننس کے لیے بھی رہنمائی فراہم کر سکتے ہیں۔ اس تحقیق کا بنیادی مسئلہ یہی ہے کہ موجودہ حلال فوڈ انڈسٹری میں گورننس، شفافیت اور صارفین کے اعتماد سے متعلق درپیش مسائل کا سیرتِ نبوی کی روشنی میں تجزیہ کیا جائے اور ان کے حل کے لیے ایک قابلِ عمل اسلامی فریم ورک پیش کیا جائے۔

## مقاصدِ تحقیق

اس تحقیق کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:

1. حلال فوڈ انڈسٹری میں گورننس، شفافیت اور صارفین کے اعتماد کے تصورات، باہمی تعلق اور عصرِ حاضر کے اہم چیلنجز کا تجزیاتی مطالعہ کرنا۔
2. سیرتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں حلال تجارت، تجارتی گورننس، شفافیت، دیانت، احتساب اور صارفین کے حقوق سے متعلق بنیادی اصولوں کا جائزہ لینا۔
3. سیرتِ نبوی ﷺ کے تجارتی اصولوں کی بنیاد پر حلال فوڈ انڈسٹری کے لیے مؤثر گورننس، شفافیت اور صارفین کے اعتماد کے فروغ کا ایک قابلِ عمل ماڈل اور سفارشات پیش کرنا۔

## سوالاتِ تحقیق

اس تحقیق میں درج ذیل بنیادی سوالات کے جوابات تلاش کیے جائیں گے:

1. حلال فوڈ انڈسٹری میں گورننس، شفافیت اور صارفین کے اعتماد کے بنیادی تصورات کیا ہیں، اور عصرِ حاضر میں اس صنعت کو کن اہم چیلنجز کا سامنا ہے؟
2. سیرتِ نبوی ﷺ حلال تجارت، تجارتی گورننس، شفافیت، احتساب اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے کیا رہنمائی فراہم کرتی ہے؟
3. سیرتِ نبوی ﷺ کے تجارتی اصولوں کی روشنی میں عصرِ حاضر کی حلال فوڈ انڈسٹری کے لیے مؤثر اور پائیدار گورننس کا عملی ماڈل کس طرح تشکیل دیا جا سکتا ہے؟

## تحقیقی طریقہ کار

یہ تحقیق معیاری (Qualitative) نوعیت کی ہے، جس میں تحلیلی (Analytical) اور استنباطی (Inductive) طریقہ تحقیق اختیار کیا گیا ہے۔ بنیادی مآخذ میں قرآنِ کریم، سنتِ نبوی، کتبِ حدیث، کلاسیکی فقہی مصادر اور اسلامی تجارتی اصولوں سے متعلق مستند علمی لٹریچر شامل ہیں، جبکہ حلال فوڈ انڈسٹری، حلال گورننس، شفافیت، صارفین کے اعتماد اور حلال سرٹیفکیشن سے متعلق معاصر تحقیقی مقالات اور بین الاقوامی رپورٹس سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ تحقیق میں موضوعاتی (Thematic) اور تقابلی (Comparative) تجزیہ اختیار کرتے ہوئے جدید حلال فوڈ انڈسٹری کے مسائل کا سیرتِ نبوی کے تجارتی اصولوں کی روشنی میں جائزہ لیا گیا ہے، تاکہ حلال گورننس، شفافیت اور صارفین کے اعتماد کے فروغ کے لیے ایک قابلِ عمل اسلامی فریم ورک پیش کیا جا سکے۔

## حلال فوڈ انڈسٹری کا نظریاتی پس منظر

حلال فوڈ انڈسٹری کی نظریاتی بنیاد اسلامی شریعت کے ان اصولوں پر قائم ہے جو انسان کی خوراک، صحت، اخلاق اور معاشرتی زندگی کی تطہیر و اصلاح سے متعلق ہیں۔ اسلام میں غذا محض جسمانی ضرورت نہیں بلکہ ایک دینی، اخلاقی اور قانونی ذمہ داری بھی ہے۔ اسی لیے قرآنِ کریم اور سنتِ نبوی نے حلال و حرام کی حدود واضح کرتے ہوئے مسلمانوں کو پاکیزہ، جائز اور مفید اشیائے خورد و نوش اختیار کرنے کی تلقین کی ہے[3]۔ عصر حاضر کی حلال فوڈ انڈسٹری انہی شرعی اصولوں کی جدید تجارتی تعبیر ہے، جس میں غذائی مصنوعات کی تیاری، پراسیسنگ، ذخیرہ، نقل و حمل، پیکیجنگ، سرٹیفکیشن اور فروخت کے تمام مراحل کو اسلامی تعلیمات کے مطابق منظم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

اسلامی نقطۂ نظر سے کسی غذائی شے کا حلال ہونا صرف اس کے بنیادی اجزاء تک محدود نہیں بلکہ اس کی تیاری کے ذرائع، استعمال شدہ مواد، ذبح کے طریقۂ کار، آلودگی سے حفاظت، کاروباری دیانت، صارفین کو درست معلومات کی فراہمی اور تجارت کے اخلاقی اصولوں کی پابندی بھی اس میں شامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ موجودہ حلال فوڈ انڈسٹری صرف "حلال اجزاء (Halal Ingredients) "تک محدود نہیں بلکہ "حلال گورننس Halal) " (Governance، "حلال انٹیگریٹی (Halal Integrity) "اور "حلال سپلائی چین (Halal Supply Chain) "جیسے تصورات کو بھی اپنے دائرۂ کار میں شامل کرتی ہے۔

## حلال فوڈ کا شرعی تصور

اسلام میں "حلال" سے مراد ہر وہ چیز ہے جسے اللہ تعالیٰ نے جائز قرار دیا ہو[4]، جبکہ "حرام" اس چیز کو کہا جاتا ہے جس سے شریعت نے منع کیا ہو۔[5] قرآن و سنت کی روشنی میں حلال غذا صرف جائز ہی نہیں بلکہ طیب یعنی پاکیزہ، صحت بخش اور اخلاقی معیار پر پوری اترنے وای) بھی ہونی چاہیے۔ اس لیے اسلامی غذائی نظام کا مقصد صرف حرام اشیاء سے اجتناب نہیں بلکہ پاکیزگی، صحت، دیانت، عدل اور انسانی فلاح کو یقینی بنانا بھی ہے۔ قرآنِ کریم نے متعدد مقامات پر انسان کو حلال اور پاکیزہ رزق استعمال کرنے کی تلقین کی ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ﴾[6]

ترجمہ: "اے لوگو! زمین میں جو حلال اور پاکیزہ چیزیں ہیں ان میں سے کھاؤ، اور شیطان کے نقشِ قدم پر نہ چلو۔"

اس آیت سے واضح ہوتا ہے کہ اسلام صرف حلال ہونے پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ "طیب" ہونے کو بھی ضروری قرار دیتا ہے۔ مفسرین کے نزدیک "طیب" سے مراد ایسی غذا ہے جو پاک، مفید، انسانی صحت کے لیے مناسب اور اخلاقی طور پر بھی قابلِ قبول ہو۔ یہی اصول موجودہ حلال فوڈ انڈسٹری کے معیار (Quality) اور فوڈ سیفٹی (Food Safety) کے تصورات سے ہم آہنگ ہے۔[7]

اسی طرح ایک اور مقام پر بھی اللہ تعالیٰ نے اسی کا حکم دیا ہے، جس سے یہ حقیقت کو واضح ہوتی ہے کہ حلال غذا کا استعمال صرف جسمانی ضرورت پوری کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر شکر گزاری اور بندگی کا بھی ایک مظہر ہے۔[8]

قرآنِ کریم نے بعض اشیاء کو صراحت کے ساتھ حرام قرار دیا ہے، جیسا کہ مردار، بہتا ہوا خون، خنزیر کا گوشت اور وہ جانور جن پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو[9]۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حلال فوڈ کا تصور صرف اجازت یافتہ غذاؤں کی فہرست تک محدود نہیں بلکہ ممنوع اشیاء سے مکمل اجتناب بھی اس کا لازمی تقاضا ہے۔

آپ ﷺ نے قرآنِ کریم کے احکام کی عملی تشریح کرتے ہوئے حلال غذا کے معیار کو مزید واضح فرمایا۔ آپ نے صرف جائز غذا کھانے کی تلقین نہیں کی بلکہ اس کے حصول کے ذرائع، کاروباری دیانت، صفائی، معیار اور صارفین کے حقوق پر بھی خصوصی توجہ دی۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

**"إِنَّ اللَّهَ طَيِّبٌ لَا يَقْبَلُ إِلَّا طَيِّبًا[10]"**

ترجمہ: "بے شک اللہ پاک ہے اور وہ صرف پاک چیز ہی کو قبول کرتا ہے۔"

یہ حدیث اس حقیقت کو اجاگر کرتی ہے کہ اسلام میں پاکیزگی صرف ظاہری نہیں بلکہ غذائی، اخلاقی اور معاشی پاکیزگی بھی مطلوب ہے۔

اسی طرح رسول اللہ بازار میں تشریف لے گئے تو ایک غلہ فروش کے ڈھیر میں ہاتھ ڈالنے پر اندر نمی محسوس ہوئی۔ آپ نے فرمایا کہ جس نے ہمیں دھوکہ دیا، وہ ہم میں سے نہیں۔[11] اس سے حلال فوڈ انڈسٹری میں شفافیت، درست معلومات کی فراہمی، معیار کی پابندی اور صارفین کے اعتماد کی بنیاد فراہم کرتی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حلال تجارت صرف حلال اجزاء پر مشتمل مصنوعات فروخت کرنے کا نام نہیں بلکہ کاروباری دیانت اور مکمل شفافیت بھی اس کا لازمی حصہ ہے۔

قرآن و سنت کی روشنی میں فقہائے اسلام نے قرآن و سنت کی روشنی میں حلال غذا سے متعلق متعدد اصول وضع کیے ہیں، جن پر موجودہ حلال فوڈ انڈسٹری کی شرعی بنیاد استوار کی جاسکتی ہے۔ ان میں سب سے بنیادی اصول یہ ہے کہ:

**"الأصل في الأشياء الإباحة[12]"**

یعنی اشیاء میں اصل حکم اباحت (جائز ہونا) ہے، جب تک کسی چیز کی حرمت پر واضح شرعی دلیل موجود نہ ہو۔

اسی طرح فقہ اسلامی کا ایک اہم اصول ہے:

**"الضرر يزال[13]"**

یعنی "ضرر کو دور کیا جائے گا۔"

اس اصول کی روشنی میں ایسی غذائی اشیاء یا پیداواری طریقے جو انسانی صحت یا معاشرے کے لیے نقصان دہ ہوں، ان سے اجتناب ضروری ہے۔ یہی اصول جدید فوڈ سیفٹی، کوالٹی کنٹرول اور صارفین کے تحفظ کے قوانین کی شرعی بنیاد بھی فراہم کرتا ہے۔

فقہاء نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ اگر حلال اور حرام اشیاء اس طرح باہم مل جائیں کہ ان میں امتیاز ممکن نہ رہے، تو احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ ایسی مصنوعات سے اجتناب کیا جائے۔[14] اسی اصول کی بنیاد پر جدید حلال فوڈ انڈسٹری میں Cross-Contamination کی روک تھام، علیحدہ پروڈکشن لائنز، صفائی کے معیارات اور سپلائی چین کی نگرانی کو بنیادی اہمیت دی جاتی ہے۔

ان تمام شرعی اصولوں کا مجموعی مطالعہ یہ واضح کرتا ہے کہ اسلام کا تصورِ حلال محض غذائی اجزاء تک محدود نہیں بلکہ اس میں پیداوار، معیار، دیانت، شفافیت، صارفین کے حقوق، صحت عامہ اور سماجی ذمہ داری جیسے تمام پہلو شامل ہیں۔ یہی جامع تصور عصرِ حاضر کی حلال فوڈ انڈسٹری کے لیے ایک

مضبوط نظریاتی اور اخلاقی بنیاد فراہم کرتا ہے، جس کی روشنی میں ایک ایسا نظام تشکیل دیا جا سکتا ہے جو نہ صرف شرعی تقاضوں سے ہم آہنگ ہو بلکہ عالمی معیار کے مطابق بھی ہو۔

**حلال فوڈ انڈسٹری کا ارتقاء**

حلال فوڈ انڈسٹری کا ارتقاء ایک تدریجی عمل کا نتیجہ ہے، جس کی بنیاد اسلامی تعلیمات میں موجود حلال و حرام کے اصولوں پر قائم ہے۔ اگرچہ اسلام کے ابتدائی دور سے ہی مسلمانوں نے اپنی غذائی ضروریات کو شرعی احکام کے مطابق پورا کرنے کا اہتمام کیا، تاہم حلال فوڈ کو ایک منظم صنعتی اور تجارتی شعبے کی حیثیت گزشتہ چند دہائیوں میں حاصل ہوئی۔ آج حلال فوڈ انڈسٹری صرف مذہبی ضرورت نہیں بلکہ عالمی تجارت، فوڈ گورننس، معیار بندی (Standardization)، سپلائی چین مینجمنٹ، فوڈ سیفٹی اور صارفین کے اعتماد سے وابستہ ایک جامع اقتصادی شعبہ بن چکی ہے۔ اس ارتقائی عمل کو مقامی سطح، عالمی سطح اور جدید رجحانات کے تناظر میں بہتر طور پر سمجھا جا سکتا ہے۔

وقت گزرنے کے ساتھ مسلم معاشروں میں خوراک کی پیداوار، تجارت اور تقسیم کے ذرائع میں وسعت آئی، لیکن حلال کی شناخت زیادہ تر مقامی علماء، قصابوں، تاجروں اور معاشرتی اعتماد پر قائم رہی۔ چونکہ غذائی مصنوعات کی تیاری محدود پیمانے پر ہوتی تھی اور سپلائی چین نسبتاً مختصر تھی، اس لیے حلال ہونے کی تصدیق زیادہ پیچیدہ مسئلہ نہیں تھی۔ مقامی سطح پر لوگوں کا اعتماد براہِ راست پیدا کنندگان اور فروخت کنندگان کی دیانت و امانت سے وابستہ تھا۔ جدید صنعتی دور میں خوراک کی پیداوار کے طریقوں میں نمایاں تبدیلی آئی۔ محفوظ خوراک، کیمیائی اجزاء، فوڈ ایڈیٹیوز، ذائقہ بڑھانے والے مرکبات، جلیٹن، اینزائمز اور دیگر صنعتی مواد کے استعمال نے یہ ضرورت پیدا کی کہ حلال ہونے کی جانچ صرف ظاہری شکل یا روایتی اعتماد کی بنیاد پر ممکن نہ رہی۔ چنانچہ مختلف مسلم ممالک میں حلال سرٹیفکیشن کے ادارے، فوڈ اتھارٹیز اور شرعی نگرانی کے نظام قائم کیے گئے تاکہ غذائی مصنوعات کی تیاری کے ہر مرحلے کو شریعت کے مطابق یقینی بنایا جا سکے۔

**عالمی سطح پر حلال فوڈ انڈسٹری کا ارتقاء**

بیسویں صدی کے آخری عشروں اور اکیسویں صدی کے آغاز میں عالمگیریت (Globalization)، بین الاقوامی تجارت اور مسلم آبادی کے پھیلاؤ نے حلال فوڈ انڈسٹری کو عالمی سطح پر ایک نئے مرحلے میں داخل کیا۔ یورپ، شمالی امریکہ، آسٹریلیا اور دیگر خطوں میں آباد مسلم اقلیتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے حلال غذائی مصنوعات کی مانگ میں نمایاں اضافہ کیا، جس کے نتیجے میں بین الاقوامی کمپنیوں نے حلال مصنوعات کی تیاری اور برآمد پر خصوصی توجہ دینا شروع کی۔ اس عالمی رجحان نے حلال سرٹیفکیشن کو بھی بین الاقوامی حیثیت دی۔ مختلف ممالک نے اپنے اپنے سرٹیفکیشن نظام وضع کیے، جبکہ بعض علاقائی اور بین الاقوامی اداروں نے حلال معیارات میں ہم آہنگی پیدا کرنے کی کوشش کی۔ ملائیشیا نے اس میدان میں نمایاں کردار ادا کرتے ہوئے ایک مربوط حلال گورننس ماڈل متعارف کرایا، جس میں شرعی نگرانی، حکومتی ضابطہ کاری، معیاری سرٹیفکیشن اور بین الاقوامی تجارت کو یکجا کیا گیا۔ اسی طرح انڈونیشیا، ترکی، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور دیگر مسلم ممالک نے بھی حلال فوڈ انڈسٹری کی ترقی کے لیے جامع پالیسیوں اور ریگولیٹری نظام کو فروغ دیا۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ حلال فوڈ کی عالمی تجارت میں کئی غیر مسلم اکثریتی ممالک بھی نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ برازیل، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، تھائی لینڈ اور بعض یورپی ممالک حلال گوشت اور غذائی مصنوعات کے بڑے برآمد کنندگان میں شمار ہوتے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حلال فوڈ انڈسٹری مذہبی حدود سے نکل کر ایک عالمی معاشی شعبہ بن چکی ہے، جس میں شرعی مطابقت کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی معیار، فوڈ سیفٹی، معیار بندی اور صارفین کے اعتماد کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔[15]

**جدید رجحانات**

عصر حاضر میں حلال فوڈ انڈسٹری صرف حلال اور حرام کی روایتی تقسیم تک محدود نہیں رہی بلکہ اس میں جدید سائنسی، تکنیکی اور انتظامی تصورات بھی شامل ہو چکے ہیں۔ اب حلال فوڈ کی قبولیت کا دارومدار صرف شرعی مطابقت پر نہیں بلکہ مصنوعات کے معیار، شفافیت، صحت، ماحول دوست پیداوار، پائیداری (Sustainability) اور صارفین کے اعتماد پر بھی ہے۔ حالیہ برسوں میں Halal Governance، Halal Integrity، Supply Chain Management، Food Safety، Traceability اور Digital Certification جیسے تصورات کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہوئی ہے۔ جدید ٹیکنالوجی، خصوصاً بلاک چین (Blockchain)، مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence)، انٹرنیٹ آف تھنگز (IoT) اور ڈیجیٹل ٹریس ایبلٹی سسٹمز کے ذریعے غذائی مصنوعات کے پورے سفر کو فارم سے صارف (Farm-to-Fork) تک قابلِ نگرانی بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس سے نہ صرف جعل سازی اور غلط لیبلنگ کی روک تھام ممکن ہوتی ہے بلکہ صارفین کا اعتماد بھی مضبوط ہوتا ہے۔[16]

اس کے ساتھ ساتھ ماحول دوست پیداوار، جانوروں کی فلاح (Animal Welfare)، پائیدار زرعی نظام، سماجی ذمہ داری (Social Responsibility) اور اخلاقی کاروباری طرزِ عمل بھی جدید حلال فوڈ انڈسٹری کے اہم موضوعات بن چکے ہیں۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ حلال کا تصور محض مذہبی پابندی نہیں بلکہ ایک جامع اخلاقی، سماجی اور معاشی نظام کی صورت اختیار کر چکا ہے۔

**حلال گورننس (Halal Governance) کا تصور**

حلال فوڈ انڈسٹری کی وسعت، بین الاقوامی تجارت کے فروغ اور صارفین کی بڑھتی ہوئی توقعات نے حلال گورننس (Halal Governance) کو عصر حاضر کے اہم علمی اور عملی مباحث میں شامل کر دیا ہے۔ ماضی میں حلال کی تصدیق کا انحصار زیادہ تر مقامی علماء، تاجروں اور سماجی اعتماد پر تھا، لیکن صنعتی پیداوار، عالمی سپلائی چین، جدید فوڈ ٹیکنالوجی اور بین الاقوامی تجارت نے اس امر کو ضروری بنا دیا کہ حلال مصنوعات کی تیاری اور تقسیم کے تمام مراحل کے لیے ایک منظم، شفاف اور قابلِ احتساب نظام قائم کیا جائے۔ یہی منظم نظام "حلال گورننس" کہلاتا ہے۔[17]

حلال گورننس صرف حلال سرٹیفکیٹ جاری کرنے کا نام نہیں بلکہ یہ ایک جامع انتظامی، قانونی، شرعی اور اخلاقی فریم ورک ہے، جس کے ذریعے اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ غذائی مصنوعات اپنی تیاری سے لے کر صارف تک پہنچنے کے ہر مرحلے میں اسلامی شریعت کے تقاضوں اور تسلیم شدہ معیار کے مطابق ہوں۔ اس تصور میں شریعت کی پابندی (Shariah Compliance)، ادارہ جاتی نگرانی (Institutional Oversight)، معیار بندی (Standardization)، شفافیت (Transparency)، جواب دہی (Accountability)، خطرات کا نظم (Risk Management) اور صارفین کے حقوق کا تحفظ بنیادی عناصر کی حیثیت رکھتے ہیں۔

اسلامی تناظر میں حلال گورننس کی بنیاد قرآنِ کریم کے عدل، امانت اور احسان کے اصولوں اور سیرتِ نبوی ﷺ میں موجود بازار کی نگرانی، معیار کی پابندی، دھوکہ دہی کی ممانعت اور صارفین کے حقوق کے تحفظ پر قائم ہے۔ چنانچہ جدید حلال گورننس درحقیقت انہی اسلامی اصولوں کی ادارہ جاتی اور عصری شکل ہے۔

**حلال گورننس کے مقاصد**

حلال گورننس کا بنیادی مقصد صرف مصنوعات کو حلال قرار دینا نہیں بلکہ ایسا جامع نظام قائم کرنا ہے جو شریعت، معیار اور صارفین کے اعتماد کو بیک وقت یقینی بنائے۔ اس کے اہم مقاصد درج ذیل ہیں:

اول، غذائی مصنوعات کی تیاری کے تمام مراحل میں شریعت کی مکمل پابندی (Shariah Compliance) کو یقینی بنانا، تاکہ خام مال سے لے کر تیار شدہ مصنوعات تک کوئی ایسا عنصر شامل نہ ہو جو اسلامی احکام کے منافی ہو۔

دوم، حلال مصنوعات کے معیار، حفاظت اور پاکیزگی کو برقرار رکھنا، تاکہ صارفین کو ایسی غذائی اشیاء میسر آئیں جو نہ صرف شرعی اعتبار سے حلال ہوں بلکہ صحت اور معیار کے تقاضوں پر بھی پوری اتریں۔

سوم، حلال فوڈ انڈسٹری میں شفافیت اور جواب دہی کو فروغ دینا، تاکہ پیداواری عمل، سرٹیفکیشن اور سپلائی چین کے تمام مراحل قابلِ نگرانی اور قابلِ تصدیق ہوں۔

چہارم، صارفین کے اعتماد کو مستحکم کرنا، کیونکہ حلال مصنوعات کی کامیابی کا انحصار اس یقین پر ہے کہ ان کی تیاری شرعی اور اخلاقی اصولوں کے مطابق ہوئی ہے۔

پنجم، مختلف ممالک اور اداروں کے درمیان معیار بندی (Standardization) اور باہمی اعتماد کو فروغ دینا، تاکہ بین الاقوامی تجارت میں حلال سرٹیفکیشن کے اختلافات کم ہوں اور عالمی سطح پر حلال مصنوعات کی قبولیت میں اضافہ ہو۔

ششم، دھوکہ دہی، جعلی حلال لیبلنگ، ملاوٹ، غلط معلومات اور غیر معیاری سرٹیفکیشن جیسے مسائل کی مؤثر روک تھام کرنا، تاکہ حلال فوڈ انڈسٹری کی ساکھ اور پائیداری برقرار رہے۔

## حلال گورننس کے عالمی معیارات

عالمی سطح پر حلال فوڈ انڈسٹری کی ترقی کے ساتھ یہ احساس پیدا ہوا کہ مختلف ممالک میں حلال سرٹیفکیشن کے متنوع نظام بین الاقوامی تجارت اور صارفین کے اعتماد کے لیے مشکلات پیدا کرسکتے ہیں۔ اس لیے گزشتہ چند برسوں میں عالمی سطح پر حلال معیارات کو ہم آہنگ بنانے کی متعدد کوششیں کی گئی ہیں۔

ملائیشیا کا حلال گورننس ماڈل اس حوالے سے ایک نمایاں مثال سمجھا جاتا ہے، جہاں حکومتی نگرانی، شرعی ماہرین، سائنسی جانچ، معیاری سرٹیفکیشن اور مؤثر قانونی نظام کو یکجا کیا گیا ہے۔ اسی طرح خلیجی ممالک، انڈونیشیا، ترکی اور دیگر اسلامی ریاستوں نے بھی اپنے قومی حلال معیارات مرتب کیے ہیں، جن کا مقصد حلال مصنوعات کے معیار اور بین الاقوامی قبولیت کو بہتر بنانا ہے۔

بین الاقوامی سطح پر حلال معیارات کی تشکیل میں مختلف اداروں نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان معیارات میں عمومی طور پر درج ذیل اصولوں پر زور دیا جاتا ہے:

- شریعت کے مطابق خام مال اور اجزاء کا استعمال۔
- ذبح اور فوڈ پروسیسنگ کے شرعی تقاضوں کی پابندی۔
- حلال اور غیر حلال اشیاء کی علیحدگی اور آلودگی (Cross-Contamination) سے حفاظت۔
- سپلائی چین کے تمام مراحل میں ٹریس ایبلٹی (Traceability) اور دستاویزی ریکارڈ۔
- مستند، شفاف اور غیر جانبدار سرٹیفکیشن کا نظام۔
- باقاعدہ آڈٹ، نگرانی اور معیار کی مسلسل جانچ۔
- صارفین کو درست، واضح اور قابلِ اعتماد معلومات کی فراہمی۔

اگرچہ مختلف ممالک کے معیارات میں بعض جزوی اختلافات پائے جاتے ہیں، تاہم ان سب کا بنیادی مقصد یہی ہے کہ حلال فوڈ انڈسٹری میں شریعت، معیار، شفافیت اور صارفین کے اعتماد کے درمیان توازن قائم رکھا جائے۔

اسلامی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو یہ تمام جدید انتظامی اصول سیرتِ نبوی کے تجارتی نظام سے ہم آہنگ دکھائی دیتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کی منڈی میں دیانت، درست معلومات، معیار کی پابندی، احتساب، ناپ تول میں انصاف اور دھوکہ دہی کی ممانعت کو جس انداز سے نافذ فرمایا، وہ درحقیقت ایک مؤثر گورننس ماڈل تھا۔ یہی وجہ ہے کہ عصر حاضر کی حلال فوڈ انڈسٹری اگر جدید عالمی معیارات کو سیرتِ نبوی کے اخلاقی اور شرعی اصولوں کے ساتھ مربوط کر دے تو وہ نہ صرف عالمی منڈی میں اپنی ساکھ کو مضبوط بنا سکتی ہے بلکہ صارفین کے اعتماد اور پائیدار ترقی کے اعلیٰ مقاصد بھی حاصل کر سکتی ہے۔

## حلال فوڈ انڈسٹری میں گورننس اور شفافیت کے عصری چیلنجز

عالمی سطح پر حلال فوڈ انڈسٹری کی تیز رفتار ترقی نے جہاں معاشی اور تجارتی مواقع میں اضافہ کیا ہے، وہیں اس کے ساتھ متعدد انتظامی، قانونی، تکنیکی اور اخلاقی چیلنجز بھی سامنے آئے ہیں۔ ماضی میں حلال مصنوعات کی شناخت نسبتاً آسان تھی، کیونکہ غذائی اشیاء کی تیاری اور تجارت مقامی سطح تک محدود تھی، لیکن موجودہ دور میں خام مال کی عالمی خریداری، کثیر القومی فوڈ کمپنیوں، جدید فوڈ ٹیکنالوجی، پیچیدہ سپلائی چین اور بین الاقوامی تجارت نے حلال کی تصدیق کو ایک پیچیدہ عمل بنا دیا ہے۔ اس صورت حال میں مؤثر گورننس، شفافیت، نگرانی اور عالمی معیار کی عدم موجودگی نہ صرف حلال فوڈ انڈسٹری کی ساکھ کو متاثر کرتی ہے بلکہ صارفین کے اعتماد کو بھی کمزور بناتی ہے۔

اسلامی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو تجارت میں امانت، دیانت، وضاحت، معیار کی پابندی اور خریدار کو صحیح معلومات فراہم کرنا بنیادی شرعی تقاضے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کی منڈی میں انہی اصولوں کی بنیاد پر ایسا نظام قائم فرمایا جس میں دھوکہ دہی، ملاوٹ، غلط بیانی اور استحصال کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ عصر حاضر کی حلال فوڈ انڈسٹری کو درپیش چیلنجز کا تجزیہ بھی انہی اصولوں کی روشنی میں کیا جانا ضروری ہے۔

### حلال سرٹیفیکیشن کے مسائل

حلال فوڈ انڈسٹری میں صارفین کا اعتماد مؤثر حلال سرٹیفیکیشن سے وابستہ ہے، لیکن مختلف ممالک اور اداروں کے درمیان معیارات، نگرانی اور تشریح میں اختلافات اس نظام کو پیچیدہ بنا دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر مختلف Standards کا ہونا، عالمی سطح پر کوئی متفقہ حلال معیار موجود نہیں۔ ملائیشیا، انڈونیشیا، سعودی عرب، پاکستان اور دیگر ممالک اپنے اپنے ضوابط کے مطابق سرٹیفیکیشن جاری کرتے ہیں۔ ذبح کے طریقہ کار، فوڈ ایڈیٹیوز، جلیٹن اور دیگر اجزاء کے بارے میں فقہی و تکنیکی اختلافات بین الاقوامی تجارت اور باہمی قبولیت میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ نیز حلال فوڈ انڈسٹری میں صرف آخری مصنوعات کا حلال ہونا کافی نہیں بلکہ خام مال سے لے کر صارف تک ہر مرحلہ شرعی اور تکنیکی معیار کے مطابق ہونا ضروری ہے۔ چونکہ خام مال کی اصل اور اس کے ذرائع کی تصدیق حلال سپلائی چین کی بنیاد ہے۔ جلیٹن، اینزائمز اور دیگر فوڈ ایڈیٹیوز جیسے اجزاء کی مکمل ٹریس ایبلٹی اور مستند دستاویزات ناگزیر ہیں۔ لہٰذا پراسیسنگ کے دوران مشینری، صفائی اور پیداواری ماحول کو اس طرح منظم کرنا ضروری ہے کہ حلال اور غیر حلال اشیاء کا اختلاط (Cross-Contamination) نہ ہو۔ اور درست لیبلنگ اور اجزاء کی واضح معلومات صارفین کے اعتماد کے لیے ضروری ہیں، جبکہ معلومات کو چھپانا اسلامی تجارتی اخلاقیات کے منافی ہے۔ اسی طرح حلال مصنوعات کی ترسیل اور ذخیرہ کے دوران بھی علیحدگی، صفائی اور نگرانی کو یقینی بنانا ضروری ہے تاکہ مصنوعات کی حلال حیثیت برقرار رہے۔ فوڈ فراڈ حلال فوڈ انڈسٹری کے لیے ایک بڑا خطرہ ہے، کیونکہ اس سے نہ صرف مالی نقصان ہوتا ہے بلکہ صارفین کا اعتماد بھی مجروح ہوتا ہے۔ غیر مستند حلال لوگوز اور جعلی سرٹیفکیٹس صارفین کو گمراہ کرتے ہیں۔ اس کے تدارک کے

لیے مستند رجسٹریشن، ڈیجیٹل تصدیق اور سخت قانونی نگرانی ضروری ہے۔ مصنوعات کے اجزاء یا سرٹیفیکیشن سے متعلق غلط یا نامکمل معلومات فراہم کرنا اسلامی اصولِ دیانت کے خلاف ہے اور صارفین کے اعتماد کو نقصان پہنچاتا ہے۔

**صارفین کے اعتماد کو متاثر کرنے والے عوامل**

عصرِ حاضر میں حلال فوڈ انڈسٹری میں صارفین کا اعتماد چند بنیادی عوامل پر قائم ہے، جن میں حلال انٹیگریٹی(Halal Integrity) ، شفافیت (Transparency)،ٹریس ایبلٹی(Traceability) ،غذائی تحفظ(Food Safety) ،ادارہ جاتی اخلاقیات (Corporate Ethics) اور ڈیجیٹل معلومات (Digital Information) نمایاں ہیں۔ حلال انٹیگریٹی سے مراد یہ ہے کہ کسی غذائی مصنوعات کی حلال حیثیت خام مال کے انتخاب سے لے کر ذبح، پراسیسنگ، پیکیجنگ، ذخیرہ، نقل و حمل، سرٹیفیکیشن اور فروخت تک ہر مرحلے میں برقرار رہے اور کسی بھی مقام پر شرعی اصولوں کی خلاف ورزی نہ ہو۔ اسی طرح شفافیت کا تقاضا ہے کہ مصنوعات کے اجزاء، پیداواری عمل، سرٹیفیکیشن اور سپلائی چین سے متعلق تمام معلومات درست، واضح اور قابلِ تصدیق ہوں تاکہ صارفین باخبر فیصلہ کر سکیں۔ جدید حلال فوڈ انڈسٹری میں ٹریس ایبلٹی کو بھی بنیادی اہمیت حاصل ہے، کیونکہ اس کے ذریعے مصنوعات کے پورے سفر کو خام مال سے لے کر صارف تک دستاویزی شکل میں محفوظ رکھا جاتا ہے، جس سے فوڈ فراڈ، ملاوٹ اور جعلی سرٹیفیکیشن کی روک تھام ممکن ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ غذائی تحفظ بھی صارفین کے اعتماد کا ایک لازمی جزو ہے، کیونکہ اسلام صرف "حلال" ہی نہیں بلکہ "حلالاً طیباً" غذا کی تلقین کرتا ہے، جو محفوظ، صحت بخش اور معیاری ہو۔ نیز ادارہ جاتی اخلاقیات، جیسے دیانت، انصاف، امانت اور سماجی ذمہ داری، کسی بھی ادارے کی ساکھ اور عوامی اعتماد کو مضبوط بناتی ہیں، جبکہ جدید ڈیجیٹل ذرائع، مثلاً QR کوڈز، بلاک چین، ویب پورٹلز اور موبائل ایپلی کیشنز، صارفین کو مصنوعات کے بارے میں فوری، درست اور قابلِ اعتماد معلومات فراہم کرکے شفافیت اور اعتماد میں اضافہ کرتے ہیں۔ یوں حلال انٹیگریٹی، شفافیت، ٹریس ایبلٹی، غذائی تحفظ، اخلاقی کاروباری طرزِ عمل اور مؤثر ڈیجیٹل معلومات مل کر ایسا مضبوط حلال گورننس نظام تشکیل دیتے ہیں جو سیرتِ نبوی ﷺ کے اصولِ امانت، صدق، عدل، احتساب اور حقوقِ صارف سے مکمل ہم آہنگ ہے۔

**سیرتِ نبوی میں حلال تجارت کے اصول**

اسلامی معاشی نظام کی بنیاد محض قانونی ضوابط پر نہیں بلکہ ایسے اخلاقی اصولوں پر استوار ہے جو تجارت کو انسانی خدمت، عدل اور امانت کا ذریعہ بناتے ہیں۔ یہی اصول آج کی حلال فوڈ انڈسٹری کے لیے بھی رہنما حیثیت رکھتے ہیں، کیونکہ جدید حلال گورننس کا بنیادی مقصد بھی یہی ہے کہ مصنوعات کی شرعی حیثیت، معیار اور صارفین کے اعتماد کو یقینی بنایا جائے۔ سیرتِ نبوی کا مطالعہ اس حقیقت کو نمایاں کرتا ہے کہ آپ نے تجارت کو صرف معاشی سرگرمی نہیں سمجھا بلکہ اسے اخلاقی ذمہ داری اور دینی امانت قرار دیا۔ اسی لیے آپ ﷺ نے تاجروں کی تربیت، بازار کی نگرانی، ناپ تول کی درستگی، معیار کی حفاظت اور دھوکہ دہی کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات فرمائے، جو عصرِ حاضر کے گورننس اور ریگولیٹری نظام کے بنیادی اصولوں سے ہم آہنگ ہیں۔[18]

ان اصولوں میں امانت، صدق، شفافیت، دھوکہ دہی سے اجتناب، احتساب، معیار کی پابندی، صارفین کے حقوق کا تحفظ اور بازار کی نگرانی نمایاں ہیں۔ رسول اللہ ﷺ اپنی نبوت سے قبل ہی الصادق اور الأمین کے القابات سے معروف تھے، جو تجارت میں دیانت اور اعتماد کی اعلیٰ مثال ہیں۔ آپ نے سچائی، اشیاء کے عیوب کو ظاہر کرنے اور خریدار کو درست معلومات فراہم کرنے کی تلقین فرمائی،[19] جبکہ دھوکہ دہی کی ہر صورت کو مسترد کرتے ہوئے فرمایا۔ اسی طرح صحیح بخاری کی روایت اس بات کی دلیل ہے کہ شفافیت اور درست معلومات تجارت میں برکت کا ذریعہ ہیں[20]۔ قرآنِ کریم نے بھی صرف حلال ہی نہیں بلکہ غذا اختیار کرنے کی ہدایت دے کر معیار، صفائی اور غذائی تحفظ کو اسلامی تقاضا قرار دیا ہے۔[21]

سیرتِ نبوی میں بازاروں کی نگرانی، ناپ تول کی درستگی، احتساب اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کا جو عملی نمونہ ملتا ہے، وہ بعد میں ادارۂ حسبہ کی صورت میں منظم ہوا۔ عصرِ حاضر میں یہی اصول حلال سرٹیفیکیشن اداروں، فوڈ اتھارٹیز، ریگولیٹری ایجنسیوں اور معیار بندی کے نظام کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ اس طرح سیرتِ نبوی کے یہ تجارتی اصول جدید حلال فوڈ انڈسٹری میں دیانت، شفافیت، معیاری پیداوار، مؤثر نگرانی اور صارفین کے اعتماد کے فروغ کے لیے ایک جامع اور قابلِ عمل رہنما فریم ورک فراہم کرتے ہیں۔

## سیرتِ نبوی کی روشنی میں حلال فوڈ گورننس کا عملی ماڈل

عصر حاضر کی حلال فوڈ انڈسٹری کو درپیش چیلنجز کا جائزہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ محض قانونی ضوابط، سرٹیفیکیشن یا تکنیکی نظام اس صنعت کی پائیدار ترقی کے لیے کافی نہیں ہیں، بلکہ اس کے لیے ایک ایسا جامع گورننس ماڈل درکار ہے جو شرعی اصولوں، اخلاقی اقدار، انتظامی شفافیت اور جدید تکنیکی تقاضوں کو یکجا کرے۔ سیرتِ نبوی اس حوالے سے ایک ایسا عملی نمونہ فراہم کرتی ہے جس میں اخلاقی قیادت، دیانت، عدل، احتساب، شفافیت اور عوامی مفاد کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ یہی اصول جدید حلال فوڈ گورننس کے لیے ایک مؤثر، قابلِ اعتماد اور پائیدار فریم ورک تشکیل دے سکتے ہیں۔ رسول اللہ نے مدینہ منورہ میں جو معاشی اور تجارتی نظام قائم فرمایا، وہ کسی مخصوص دور یا خطے تک محدود نہیں تھا بلکہ اس کے بنیادی اصول ہر زمانے میں قابلِ اطلاق ہیں۔ اگر ان اصولوں کو جدید فوڈ گورننس، سپلائی چین مینجمنٹ، سرٹیفیکیشن، ڈیجیٹل نگرانی اور صارفین کے تحفظ کے جدید تقاضوں کے ساتھ مربوط کیا جائے تو ایک ایسا مربوط ماڈل سامنے آتا ہے جو حلال فوڈ انڈسٹری کے موجودہ مسائل کے مؤثر حل کی صلاحیت رکھتا ہے۔

سیرتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں حلال فوڈ گورننس کا مؤثر ماڈل اخلاقی طرزِ حکمرانی، شفافیت، احتساب، صارفین کے تحفظ، مضبوط سپلائی چین، جدید ٹیکنالوجی اور ادارہ جاتی نگرانی جیسے بنیادی اصولوں پر استوار ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے تجارت کو محض معاشی سرگرمی نہیں بلکہ امانت، عدل، دیانت اور عوامی مفاد کی ذمہ داری قرار دیا، جس کی بنیاد پر جدید Ethical Governance میں تقویٰ، غیر جانبداری، مفادات کے ٹکراؤ سے اجتناب، سماجی ذمہ داری اور جواب دہی کو مرکزی حیثیت حاصل ہونی چاہیے۔ اسی طرح حلال سرٹیفیکیشن کا نظام مکمل شفاف، غیر جانب دار، سائنسی شواہد اور شرعی نگرانی پر مبنی ہو، تاکہ صارفین کا اعتماد مستحکم ہو اور عالمی سطح پر حلال مصنوعات کی ساکھ برقرار رہے۔ سیرتِ نبوی ﷺ میں احتساب اور بازار کی نگرانی کی جو عملی مثالیں ملتی ہیں، وہ اس امر کی متقاضی ہیں کہ حلال فوڈ انڈسٹری سے وابستہ تمام ادارے، سرٹیفیکیشن باڈیز، صنعت کار اور ریگولیٹری اتھارٹیز اپنے فیصلوں اور کارکردگی کے لیے جواب دہ ہوں۔ اسی طرح صارفین کے حقوق کے تحفظ، درست معلومات، مستند لیبلنگ، محفوظ غذا اور مؤثر شکایتی نظام کو گورننس کا لازمی حصہ بنایا جائے۔ مزید برآں، خام مال سے لے کر پراسیسنگ، پیکیجنگ، نقل و حمل اور تقسیم تک پوری Halal Supply Chain میں شرعی معیار، دستاویزی نگرانی اور آلودگی سے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ جدید ڈیجیٹل ذرائع، جیسے QR Codes، Blockchain، Artificial Intelligence (AI) اور Internet of Things (IoT)، مصنوعات کی مکمل Traceability، شفافیت اور جعل سازی کی روک تھام میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ ان تمام اقدامات کی مؤثر تکمیل کے لیے حکومت، حلال سرٹیفیکیشن اداروں، فوڈ سیفٹی اتھارٹیز، شرعی بورڈز، لیبارٹریز اور صارفین کے تحفظ کے اداروں کے درمیان مربوط تعاون، مؤثر نگرانی اور بین الاقوامی معیارات میں ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ اس طرح سیرتِ نبوی ﷺ سے ماخوذ اصولوں اور جدید گورننس کے تقاضوں کو یکجا کر کے ایک ایسا جامع، قابلِ اعتماد اور پائیدار حلال فوڈ گورننس ماڈل تشکیل دیا جاسکتا ہے جو شرعی تقاضوں کے ساتھ عالمی معیار اور صارفین کی توقعات پر بھی پورا اترے۔

## نتائجِ تحقیق (Research Findings)

اس تحقیقی مطالعے سے درج ذیل اہم نتائج سامنے آئے:

1. حلال فوڈ انڈسٹری کی بنیاد صرف شرعی طور پر جائز غذائی اجزاء پر نہیں بلکہ ایک ایسے جامع نظام پر قائم ہے جس میں گورننس، شفافیت، احتساب، معیار، صارفین کے حقوق اور اخلاقی ذمہ داری بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس لیے حلال کا تصور محض مذہبی اصطلاح نہیں بلکہ ایک مکمل اخلاقی، قانونی اور انتظامی نظام کی نمائندگی کرتا ہے۔

2. معاصر عالمی حلال فوڈ مارکیٹ تیزی سے ترقی کر رہی ہے، تاہم مختلف ممالک کے مابین حلال سرٹیفکیشن کے معیارات، شرعی تعبیرات اور ریگولیٹری نظام میں اختلافات عالمی تجارت اور صارفین کے اعتماد کے لیے ایک بڑا چیلنج ہیں۔

3. تحقیق سے واضح ہوا کہ صارفین کا اعتماد صرف حلال لوگو یا سرٹیفکیٹ پر منحصر نہیں بلکہ حلال انٹیگریٹی (Halal Integrity)، شفاف معلومات، ٹریس ایبلٹی، غذائی تحفظ، ادارہ جاتی شفافیت اور اخلاقی کاروباری رویوں پر زیادہ انحصار کرتا ہے۔

4. عالمی حلال فوڈ انڈسٹری کو جعلی حلال لوگوز، غلط لیبلنگ، فوڈ فراڈ، ملاوٹ، ناقص نگرانی اور کمزور ضابطہ جاتی نظام جیسے مسائل کا سامنا ہے، جو نہ صرف شرعی اعتبار سے قابلِ مذمت ہیں بلکہ صنعت کی ساکھ اور صارفین کے اعتماد کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔

5. تحقیق سے یہ حقیقت بھی سامنے آئی کہ جدید حلال گورننس کا تصور اسلامی تجارتی تعلیمات سے ہم آہنگ ہے۔ سیرتِ نبوی ﷺ میں امانت، صدق، شفافیت، عدل، احتساب، معیار کی پابندی اور بازار کی نگرانی جیسے اصول موجودہ گورننس ماڈلز کی مضبوط نظریاتی بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

6. سیرتِ نبوی ﷺ میں بازار کی نگرانی، درست ناپ تول، دھوکہ دہی کی ممانعت، معیار کی حفاظت اور صارفین کے حقوق کا تحفظ درحقیقت ایک مؤثر ریگولیٹری اور گورننس ماڈل کی عملی مثال ہے، جسے عصرِ حاضر کی حلال فوڈ انڈسٹری میں مؤثر انداز میں نافذ کیا جا سکتا ہے۔

7. تحقیق سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حلال فوڈ انڈسٹری کی پائیدار ترقی صرف سرٹیفکیشن کے نظام سے ممکن نہیں بلکہ اس کے لیے اخلاقی قیادت (Ethical Leadership)، مؤثر ادارہ جاتی نگرانی، مسلسل احتساب، شفاف سپلائی چین اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال ناگزیر ہے۔

8. ڈیجیٹل ٹریس ایبلٹی، بلاک چین، مصنوعی ذہانت اور اسمارٹ سرٹیفکیشن جیسے جدید تکنیکی ذرائع حلال مصنوعات کی نگرانی، جعل سازی کی روک تھام اور صارفین کے اعتماد میں نمایاں اضافہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، بشرطیکہ انہیں مضبوط شرعی اور قانونی فریم ورک کے تحت استعمال کیا جائے۔

9. اسلامی معاشی اصولوں اور جدید Corporate Governance کے مابین بنیادی اقدار، خصوصاً دیانت، جواب دہی، شفافیت، انصاف اور ذمہ داری میں نمایاں ہم آہنگی پائی جاتی ہے، جو ایک مشترکہ اور قابلِ عمل حلال گورننس ماڈل کی تشکیل میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔

10. مجموعی طور پر تحقیق اس نتیجے پر پہنچی کہ اگر سیرتِ نبوی ﷺ کے تجارتی اصولوں کو جدید حلال گورننس، فوڈ سیفٹی، سپلائی چین مینجمنٹ اور ڈیجیٹل نگرانی کے نظام کے ساتھ مربوط کر دیا جائے تو ایک ایسا جامع، پائیدار اور قابلِ اعتماد حلال فوڈ گورننس ماڈل تشکیل دیا جا سکتا ہے جو شرعی تقاضوں، بین الاقوامی معیارات اور صارفین کی توقعات پر بیک وقت پورا اتر سکے۔

**سفارشات (Recommendations)**

مندرجہ بالا نتائج کی روشنی میں درج ذیل سفارشات پیش کی جاتی ہیں:

1. اسلامی ممالک اور بین الاقوامی حلال سرٹیفیکیشن ادارے مشترکہ معیارات، شفاف سرٹیفیکیشن اور باہمی تعاون (Mutual Recognition) کو فروغ دیں تاکہ عالمی تجارت میں آسانی اور صارفین کا اعتماد مضبوط ہو۔
2. : حکومتیں جامع قانون سازی، مؤثر ریگولیٹری نظام، باقاعدہ آڈٹ، لیبارٹری جانچ اور سخت قانونی کارروائی کے ذریعے جعل سازی، غلط لیبلنگ اور ملاوٹ کی روک تھام کو یقینی بنائیں۔
3. فوڈ انڈسٹری اور حلال سرٹیفیکیشن ادارے سیرتِ نبوی ﷺ کے اصولِ امانت، صدق، شفافیت، احتساب اور صارفین کے حقوق کو اپنی کاروباری پالیسیوں اور گورننس کا بنیادی حصہ بنائیں۔
4. خام مال سے صارف تک پوری حلال سپلائی چین میں ٹریس ایبلٹی، معیاری نگرانی اور بلاک چین، QR کوڈ، مصنوعی ذہانت (AI) اور دیگر جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز کے استعمال کو فروغ دیا جائے تاکہ شفافیت اور اعتماد میں اضافہ ہو۔
5. جامعات، شرعی اداروں، فوڈ اتھارٹیز، صنعت کاروں اور میڈیا کے اشتراک سے تحقیق، عوامی آگاہی اور ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دیا جائے تاکہ حلال فوڈ گورننس کا ایک پائیدار اور عالمی معیار کے مطابق نظام تشکیل دیا جا سکے۔

## مصادر و مراجع

---

[1] Department of Islamic Development Malaysia (JAKIM), *Manual Procedure for Malaysia Halal Certification (Domestic) 2020*, 4th ed. (Putrajaya: JAKIM, 2020), 1–35.

[2] Dinar Standard, *State of the Global Islamic Economy Report 2023/24* (Dubai: Dinar Standard, 2023), 28–41.

[3] القرآن الکریم، سورۃ البقرۃ 2:168

[4] جرجانی، علي بن محمد بن علي الزين الشريف، كتاب التعريفات، المحقق: ضبطه وصححه جماعة من العلماء بإشراف الناشر، ناشر: دار الكتب العلمية بيروت-لبنان طبع اول: 1403ھ-1983م، ص 92

[5] زبيدي، محمّد بن محمّد بن عبد الرزّاق، تاج العروس من جواهر القاموس۔ محقق: مجموعة من المحققين، ناشر: دار الهداية، ج31، ص452

[6] البقرۃ: 168:2

[7] Yusuf al-Qaradawi, The Lawful and the Prohibited in Islam (Cairo: Al-Falah Foundation, 2001), 11–18.

[8] النحل: 114:16

[9] المائدۃ: 3:5

[10] نيسابوري، أبو الحسين مسلم بن الحجاج، المسند الصحيح المختصر بنقل العدل عن العدل إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم، محقق: مجموعة من المحققين، ناشر: دار الجيل-بيروت، الطبعة: مصورة من الطبعة التركية المطبوعة في استانبول سنة 1334ھ، ج3، ص85

[11] ابن حنبل، أبو عبد الله أحمد بن محمد بن حنبل، مسند الإمام أحمد بن حنبل، محقق: شعيب الأرنؤوط - عادل مرشد، وآخرون، إشراف: د عبد الله بن عبد المحسن التركي، ناشر: مؤسسة الرسالة، طبع اول، 1421ھ-2001م، ج9، ص122

[12] سرخسی، محمد بن أحمد بن أبي سهل شمس الأئمة، المبسوط للسرخسي، دراسة وتحقيق: خليل محي الدين الميس، ناشر: دار الفكر للطباعة والنشر والتوزيع، بيروت، لبنان الطبعة الأولى، 1421ھ-2000م، ج24، ص140

[13] لجنة مكونة من عدة علماء وفقهاء في الخلافة العثمانية، مجلة الأحكام العدلية، محقق: نجيب هواويني، ناشر: نور محمد، کارخانہ تجارتِ کتب، آرام باغ، كراتشي، ص18

[14] وہبہ الزحیلی، *الفقہ الإسلامي وأدلتہ*، 8 جلدیں (دمشق: دار الفکر، 1985ء)، 3:511–515

---

[15] Rizki, et al., “Intention to Adopt a Blockchain-Based Halal Certification: Indonesia Consumers and Regulatory Perspective,” *Journal of Islamic Marketing* 15, no. 7 (2024): 1766–1782, https://doi.org/10.1108/JIMA-03-2023-0069

[16] Fernando, Yudi, et al., “Adoption of Blockchain Technology to Improve Halal Supply Chain Performance and Competitiveness,” *Journal of Islamic Marketing* 14, no. 9 (2023): 2343–2360, https://doi.org/10.1108/JIMA-02-2022-0050

[17] Nor Aini Ali, “Strengthening Halal Governance for the Global Halal Industry,” *Journal of Islamic Marketing* 12, no. 9 (2021): 1850–1868.

[18] غفاری،ڈاکٹر نور محمد، تجارت کے اسلامی اصول وضوابط، شیخ الہند اکیڈمی کراچی، ص69

[19] ترمذی، ابو عیسیٰ، محمد بن عیسی، **سنن الترمذي**، ناشر: شرکہ مکتبہ و مطبع مصطفی بابی حلبی، مصر، طبع دوم، 1395ھ-1975م، ج4، ص612

[20] بخاری، محمد بن إسماعیل، محقق: محمد زھیر بن ناصر الناصر، **الجامع المسند الصحیح المختصر من أمور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وسننہ وأیامہ = صحیح البخاري**، ناشر: دار طوق النجاۃ، طبع اول، 1422ھ، ج4، ص170

[21] البقرۃ:168